Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔

نمبر ۲۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳۰ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ مطابق ۴ مئی سنہ ۱۹۳۵ء جلد ۲۷

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	عطائے رینک (آنریری) "لفٹنٹ" بہ صوبیدار غلام عباس خاں (سکنڈ رامپور ترتیبی انفنٹری)	۲	(۳)	انتظام سلسلۂ روانگی بمقام مسوری اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم	۵۲ ۳
(۲)	منظوری رخصت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	۲	(۴)	التوائی روانگی صاحب جنرل آفیسر بہادر بمقام مسوری	۳

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

(۱)	بابت ریٹائرڈ وعطائے پنشن ڈپٹی سکریٹری صاحبان اجلاس ہمایوں و اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۴	۲	منظوری تبدیلی اوقات دفاتر و مدارس از ۲ مئی ۱۹۳۵ء	۴
			۳	منظوری اختیارات افسر صیغہ سید امداد علی صاحب ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں۔	۵

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۸ اپریل ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

بموجب رپورٹ صوبہ دار غلام عباس خاں (سکنہ رامپور مرتضیٰ انفنٹری) کو "آنریری رینک "لفٹنٹ" دیا جانا منظور ہے تنخواہ صوبہ داری کی پائیں گے۔ اور صوبہ داری کی تنخواہ سے پنشن ملے گی۔ کاغذات برائے کارروائی واپس ہوں۔

بمنشائے حکم صادرہ ۲۸ اپریل ۱۹۳۵ء نسبت عطائے آنریری رینک "لفٹنٹ" صوبہ دار غلام عباس خاں آرمی آرڈر ہذا جاری ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہونے مطبع کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات سررشتہ میں رہیں

دستخط صاحب آرمی منسٹر بہادر
۲۹ اپریل ۱۹۳۵ء

حکم:-

واقع ۲۸ اپریل ۱۹۳۵ء

مثل مرتبہ رفعہ داشت صاحب چیف منسٹر بہادر
مع تحریر صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس
باستدعائے صادر حکم منسوخی رخصت
منظور شدہ از ۲۴ لغایت ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء
بوجہ عدم استفادہ

حکم

بموجب رپورٹ صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی رخصت ۲۴ لغایت ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء منسوخ کی جانا منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء　　دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:-

واقع ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

مابدولت واقبال کل شب میں سنعت فرمائے سفر ہونگے۔ ۵ مئی ۱۹۳۵ء کی شب میں مراجعت ہوگی۔

صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر۔ صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر ہمرکاب ہونگے۔ بزمانہ غیر موجودگی مابدولت واقبال حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے:-

(۱) اجلاس ہمایوں کے کاغذات پر صاحب چیف منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ "ہائی آرڈر" لکھکر اپنے دستخط سے جاری کریں۔

(۲) صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر کا کام ڈاکٹر شریف حسین اسسٹنٹ سرجن انجام دیں گے۔ اور صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر

کا کام براہ راست صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر سے متعلق رہے گا۔

(۳) جملہ امور محلات کے متعلق صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر سے حکم حاصل کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

روبکار۔ واقع ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۳۵ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

سفر مسوری کی بابت تاریخ امروزہ میں علیحدہ روبکار جاری ہوا ہے۔ جس میں صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کے متعلق ہمرکاب مسوری جانے کا حکم ہے۔ اب اون کا جانا ملتوی کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل

حکم اسٹیٹ کونسل :- مورخہ ۲۹ اپریل ۱۹۳۵ء

منشی شوکت علی خاں، ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں اور منشی محمد رشید احمد خاں ڈپٹی سکریٹری دفتر "چیف منسٹر" پچپن سالہ سن ملازمت میں یکم مئی ۱۹۳۵ء سے ریٹائر کئے جاتے ہیں۔ ایکسو پچیس - ایکسو پچیس روپے ماہوار تنخواہ پاتے تھے۔ بموجب قواعد پنشن جس تعداد میں پنشن پانے کے وہ مستحق ہونگے یکم مئی ۱۹۳۵ء سے پائیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذ اسٹیٹ کونسل میں پیش ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم اسٹیٹ کونسل :- مورخہ یکم مئی ۱۹۳۵ء

موسم گرما شروع ہو جانے کے باعث حدت و حرارت آفتاب بڑھ گئی ہے۔ لہذا حسب ایمائے ہمایوں باستثنائے دفاتر ذیل جملہ دفاتر و مدارس کا وقت بجائے ۱۰ بجے سے ۴ بجے تک کے - صبح ۷ بجے سے ۱۲ بجے تک ۴ مئی ۱۹۳۵ء سے حسب معمول تبدیل کیا جاتا ہے:-

اجلاس ہمایوں (۱) - اور دفاتر چیف منسٹر و وزارات (۲) کے اوقات بدستور ۱۰ بجے سے ۴ بجے تک رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اسٹیٹ کونسل :- مورخہ ۴ مئی ۱۹۳۵ء

چونکہ منشی شوکت علی خاں ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں یکم مئی ۱۹۳۵ء سے ریٹائر ہو چکے ہیں۔ لہذا ان کے بجائے محافظ خانہ جات سکشن ۳ اور دفتر اجلاس ہمایوں کا تعلق منشی سید امداد علی صاحب ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں سے بحیثیت افسر صیغہ منظور کیا جاتا ہے۔ ان صیغہ جات میں اون کو وہی اختیارات ہوں گے۔ جو دیگر ڈپٹی سکریٹریز کو حاصل ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو بعد اجرائے احکام حکم ہذا اسٹیٹ کونسل میں پیش ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر